سوال

(842) تراویح کے علاوہ فرض نماز میں مقتدی کا قرآنِ مجید سے دیکھ کر امام کا قرآنِ مجید سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تراویح کے علاوہ فرض نماز میں مقتدی قرآنِ مجید سے دیکھ کر امام کا قرآنِ مجید سن سکتا ہے یا نہیں۔ ازروئے قرآن وحدیث جواب سے نوازیں۔ براہِ کرام مسئلہ مدلل بیان فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے خیال میں شرع میں اس عمل کے جواز کا ثبوت مشکل امر ہے۔ لہٰذا اس سے احتراز کرنا چاہیے۔ قدرے تفصیل کے لیے مجموع فتاویٰ شیخ ابن باز(۳۱۰/۴) دیکھنا چاہیے۔

اور نمازِ تراویح میں بھی اولیٰ ترک ہے۔ سعودی عرب کی اِفتاء کی دائمی کمیٹی کا فتویٰ رمضان وغیر رمضان میں امام کے لیے بوقت ِ ضرورت جہری نماز میں جواز ہے۔ فتاویٰ: ۳۹۶/۶

لیکن فرض نماز میں امام کے لیے قرآن سے دیکھ کر قرأت کرنے کا مسئلہ میرے نزدیک محل نظر ہے۔ کیونکہ اس سلسلہ میں امام احمد رحمہ اللہ سے سوال ہوا کہ کیا امام فرضوں میں بھی قرآنِ مجید دیکھ کر امامت کرا سکتا ہے؟ تو انھوں نے فرمایا: فرضوں میں یہ ہوتا ہے؟ یعنی فرضوں میں لمبے قیام کی کیا ضرورت ہے ایک آدھ سورت ہی کافی ہے۔ ملاحظہ ہو قیام اللیل مروزی وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 724

محدث فتویٰ